Liberté • Égalité • Fraternité RÉPUBLIQUE FRANÇAISE MINISTÈRE DE LA JUSTICE	4 **اعلانِ حقوق** زیرِحراست شخص کو فراہم کرنا **دہشت گردی کی کاروائیاں** **(ارٹ ضابطہ فوجداری کے کوڈ 73-706, 1-63 اور 88-706)**

درجہ زیل معلومات آپ کو ایک ایسی زبان میں فراہم کرنا ضروری ہے جو آپ کو سمجھ اتی ہو.

آپ اس دستاویز کو دوران حراست محفوظ رکھ سکتے ہیں.

آپ کو بتایا جاتا ہے کہ آپ حراست میں ہے کیونکہ ایک یا کئی معقول وجوہات کے بنیاد پر آپ پر شبہ ہے کہ آپ جرم یا دہشت گردی کی کاروائیوں میں ملوث ہے یا اسکو کرنے کی کوشش کی ہے۔

ان حقائق کے حوالے سے آپ کو دوران حراست ، جو چوبیس گھنٹوں تک طویل ہوسکتی ہے، سنا جائے گا.

آپ اِس جرم یا خطا جس کا مبینہ طور پر آپ مرتکب ہوئے ہیں اور جس کی بدولت آپ کو چیلنج کیا گیا ہے، اس کی اہلیت، جگہ اور تاریخ کے ساتھ ساتھ حراست میں رکھنے کے محرکات جاننے کا حق رکھتے ہیں۔

اس مدت کے گزرنے کے بعد سرکاری وکیل یا مجسٹریٹ حراست میں مزید چوبیس گھنٹوں کی توسیع کرسکتا ہے۔ اگر ممکن ہو تو آپ کو اِس مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا، بصورت دیگر ویڈیو کانفرس (Videoconferencing) کے ذریعے پیشی ہوگی۔

غیرمعمولی طور پر، اگر تفتیش یا تحقیقات کیلئے ضروری سمجھاگیا تو جج آف فریڈم اینڈ ڈیٹنشن سرکاری وکیل یا مجسٹریٹ کے درخواست پر دو مرتبہ مزید حراست میں چوبیس چوبیس گھنٹوں کیلئے توسیع کرسکتا ہے۔

تاہم، اگر پہلے اٹھتالیس گھنٹوں کے اختتام پر تفتیش کیلئے مزید ضرورت پڑے تو جج آف لیبرٹیز اینڈ ڈیٹنشن سرکاری وکیل یا مجسٹریٹ کی درخواست پرحراست میں صرف ایک مرتبہ مزید اٹھتالیس گھنٹوں کے اضافے کا فیصلہ سنا سکتا ہے۔

بلآخر، اگر تحقیقات کی پہلی عناصر یا بذات خود حراست سے یہ نتیجہ اخذ ہوجائے کہ فرانس میں یا بیرون ملک دہشت گردی کا سنگین خطرہ مجود ہے اور اس حوالے سے بین الاقوامی تعاون کی ضرورت ناگزیر ہوجائے تو غیرمعمولی حالات میں سرکاری وکیل یا مجسٹریٹ کی درخواست پر جج آف لیبرٹی اینڈ ڈیٹنشن تحریری طور پر حراست میں مزید چوبیس گھنٹوں کی توسیع کرسکیں گے جو ایک مرتبہ قابل تجدید ہے۔

حراست سے رہائی پانے کے بعد آپ کو سرکاری وکیل یا مجسٹریٹ کے فیصلے پر یا تو اس مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا یا رہا کیا جائے گا۔ پہلی صورت میں آپ اپنے حراست کے اختتام پر زیادہ سے زیادہ 20 گھنٹوں میں ایک جج کے سامنے حاضر ہوں گے بشرطیکہ آپ کو 72 گھنٹوں سے زیادہ حراست میں رکھا گیا ہو۔

اسکے علاوہ آپ کو بتایا جاتا ہے کہ آپ کو مندرجہ ذیل حقوق حاصل ہیں:

کچھ افراد کو اطلاع دیں

آپ اپنے حراست کے حوالے سے کسی بھی شخص کو جس کے ساتھ آپ عام طور پر رہتے ہیں یا والدین میں سے کسی ایک کو یا کسی ایک بھائی یا بہن کویا کسی سرپرست کو بذریعہ ٹیلیفون اطلاع کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔

آپ اپنے مالک یعنیٰ اُجر کو بھی اطلاع دے سکتے ہیں۔

اگر آپ غیرملکی ہے، آپ اپنے ملک کے قونصلر حکام کو بھی اطلاع دے سکتے ہیں۔

تاہم سرکاری وکیل یا مجسٹریٹ تحقیقات کے ضروریات کو مدنظر رکھ کر ان مطالبات کو رد کرسکتا ہے۔

سوائے ناگزیر حالات کے، درخواست دائر کرنے کے زیادہ سے زیادہ 3 گھنٹےبعد کیس پرعمل درآمد شروع ہوگا۔

اگر رشتہ داروں میں سے کسی ایک کو اطلاع سے متعلق درخواست منظور نہیں ہوتا اور بالفرض آپ کی حراست کا دورانیہ چیانوے گھنٹہ سے اوپر چلا جائے تو آپ چیانوے گھنٹے سے اپنا مطالبہ دہرا سکتے ہیں۔ تاہم سرکاری وکیل یا مجسٹریٹ تحقیقات کے ضروریات کو مدنظر رکھ کر ان مطالبات کو رد کرسکتا ہے۔

ڈاکٹر آپ کا طبعی معائنہ کرے گا

آپ حراست کے شروع میں یا حراست میں توسیع کی صورت میں طبعی معائنہ کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ ہر ممکنہ حراست کی توسیع کی صورت میں، ڈاکٹر آپ کا معائنہ لازمی کرے گا اور آپ کو یہ بھی بتایا جائے گا کہ آپ دوبارہ طبی معائنہ کا حق رکھتے ہیں اور اس کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔

آپ بیانات دینے ، سوالات کے جوابات دینے یا خاموش رہنے کا حق رکھتے ہیں۔

اپنے آپ کو متعارف کرانے کے بعد ، آپ کو دورانِ سماعت درجہ ذیل حقوق حاصل ہیں:
- کے بیانات دیں۔
- ان سوالات کے جوابات دیں جو آپ سے پوچھے گئے ہوں،
- یا خاموشی اختیار کریں۔

وکیل سے ملاقات

- وکیل کا انتخاب

حراست کے شروع سے اور حراست میں توسیع کی صورت میں، اس توسیع کی ابتدا میں، آپ وکیل کے خدمات حاصل کرنے کیلئےاپنی مرضی کے وکیل کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ اگر آپ ایک وکیل مقرر کرنے کے قابل نہیں ہے یا منتخب وکیل سے رابطہ ممکن نہیں ہوسکتا تو آپ کورٹ سے مطالبہ کرسکتے ہیں کہ آپ کیلئے ایک وکیل مقرر کریں۔

کوئی بھی شخص جس کو آپ نے اطلاع دی ہو وہ آپ کیلئے وکیل نامزد کرسکتا ہے۔ اس صورت میں آپ وکیل کے نامزدگی کی تصدیق کریں گے۔

- وکیل کی خدمات

نامزد وکیل کرسکیں گے:
- اپ کے ساتھ 30 منٹ تک ملاقات کریں حراست کی توسیع کی صورت میں ، آپ وکیل کے ساتھ اس حراست کے شروع میں ایک مرتبہ پھر ملنے کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔
- ۔اگر آپ مطالبہ کریں تو آپ کی سماعت میں شرکت بھی کرسکیں گے۔

- عمل درآمد کا وقت

تفتیش کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے جس میں فوراً سماعت ناگزیر ہو سرکاری وکیل یا مجسٹریٹ یہ تحریری فیصلہ دے سکتا ہے کہ آپ کی سماعت دو گھنٹے کی معیاد ، جوکہ وکیل کے انے کیلئے دیا جاتا ہے، ختم ہونے سے پہلے شروع کریں۔
آپ کے وکیل کی شرکت بعض ضروری وجوہات کو سامنے رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ 72 گھنٹوں کیلئے موخربھی کیا جاسکتا ہے۔

ترجمان کی خدمات

اگر آپ فرانسیسی زبان نہیں بولتے یا سمجھ نہیں اتی تو سماعت کے دوران اور اپنے وکیل کیساتھ بات چیت کیلئے آپ ترجمان کے خدمات سے مستفید ہونے کا حق رکھتے ہیں۔

آپ حراست ختم کرنے کے مطالبے کا حق رکھتے ہیں۔

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ سرکاری وکیل یا مجسٹریٹ یا جج آف لیبرٹیزاینڈ ڈیٹنشن کیطرف سے حراست میں توسیع کے فیصلے کی صورت میں، اس فیصلے کو واپس لینے کی درخواست کریں۔

اپنے مقدمے کی فائل کے کچھ حصوں تک رسائی

آپ یا آپ کے وکیل کی درخواست پر، کسی ممکنہ حراست کی توسیع سے پہلے، آپ فائل دیکھنے کا مطالبہ کرسکتے ہیں
- آپ کو حراست میں رکھنے کے لئے نوٹیفیکیشن ریکارڈ
- ڈاکٹرجس نے آپ کا معائنہ کیا ہے اس کی طرف سے فراہم کردہ طبی سرٹیفکیٹ یا سرٹیفکیٹس
- آپ کی سماعت کا تحریری ریکارڈ